# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## ڈینٹسٹری فیکلٹی، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ایم سی ڈی اسکول، ابوالفضل انکلیو، جامعہ نگر میں سترہ ستمبر دو ہزار پچیس کو ڈینٹل چیک اپ کیمپ لگایا

New Delhi, September 18, 2025

ڈینٹسٹری فیکلٹی، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ایم سی ڈی اسکول، ابوالفضل انکلیو، جامعہ نگر میں سترہ ستمبر دو ہزار پچیس کو ڈینٹل چیک اپ اور ریفریل کیمپ لگایا۔کیمپ کا مقصد بچوں میں منھ کی صفائی وصحت سے متعلق بیداری عام کرنا، اوائل عمر میں دانتوں سے متعلق عام مسائل کی شناخت کرنا اور حوالہ جاتی خدمات فراہم کرنا تھا۔کیمپ میں کل دو سو بیس طلبہ کی جانچ کی گئی۔ ڈینٹسٹری فیکلٹی، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ماہرین کی ٹیم نے طلبہ کا تفصیلی اورل ایکزامینشین کیا۔طبی چیک اپ کے علاوہ منھ کی صفائی سے متعلق بچوں کی رہنمائی کی گئی اور برش کرنے کا درست طریقہ بھی بتایا گیا۔کھانے کی صحت مند عادات اور باضابطہ ڈینٹل نگہ داشت کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے بیداری ٹاک کا اہتمام بھی کیا گیا۔

کیمپ کے انعقاد کو لے کر طلبہ اور اساتذہ کی جانب سے مثبت تاثرات ملے۔لوگوں نے اس اقدام کی تعریف کی اور باقاعدگی سے ایسے کیمپ منعقد کرنے کی درخواست کی۔اس سرگرمی سے صرف دانتوں سے متعلق تشویشات کو فوری طور پر حل نہیں کیا گیا بلکہ منھ کی صحت سے متعلق تدارکی تدابیر کی اہمیت کے سلسلے میں بچوں میں حساسیت پیدا ہوئی ہے۔

ڈینٹسٹری فیکلٹی بچوں کے لیے ایسے ڈینٹل چیک اپ کیمپ منعقد کرتی رہی ہے۔یہ کیمپ منھ کی بیماریوں کو شروع میں ہی تشخیص کرنے پر زور دیتے ہیں اور باقاعدہ ڈینٹل ہیلتھ سے متعلق معلومات فراہم کرتے ہیں نیز بچوں میں منھ کی صفائی وصحت کو بہتر کرنے کے لیے بروقت طبی علاج میں بھی مدد بہم پہنچاتے ہیں۔ان جملہ سرگرمیوں کا دیرپا اثر ہوتا ہے اور اسکول جانے والے بچوں میں منھ کی صفائی وصحت سے متعلق بہتر عادات اختیار کرنے میں معاونت کرتی ہیں۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلیٰ، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ